راحتؔ اندوری: تفہیم وتعبیر

مصنف

عبدالمجید

قاسمی کتب خانہ

راحتؔ اندوری: تفہیم وتعبیر

عبدالمجید

Q.K.K.

RAHAT INDORI: TAFHEEM WA TABEER

Abdul Majeed

راحتؔ اندوری بلاشبہ موجودہ صدی کے سب سے زیادہ سنے جانے اور پسند کیے جانے والے اردو شعراء کی صف اول میں اپنی مستند پہچان بنائے ہوئے ہیں۔ان کی شاعری میں ظلم واستبداد کی دنیا میں انصاف کی پکار اور اقتدار کے نشے میں سرمست سیاست دان اور مطلق العنان حکومت کے لئے تازیانہ کہا جاتا ہے۔خودداری اور بے باکی ان کی شاعری کے وہ خاص عنصر ہیں جو انھیں اپنے عہد کے دیگر شعراء سے منفرد کرتے ہیں۔ان کی شاعری متنوع موضوعات کا ایک گلدستہ ہے۔اردو مشاعروں کی کامیابی کی ضمانت سمجھے جانے والے راحتؔ اندوری ادبی دنیا پہ گہری چھاپ بنائے ہوئے ہیں۔

عبدالمجید کی چار ذیلی ابواب پر مشتمل زیرِ نظر کتاب ”راحت اندوری: تفہیم وتعبیر“ راحت فہمی کے سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔انھوں نے راحت اندوری کی شاعری کے ہر پہلو کو موضوعاتی اور فنی اعتبار سے ابھارنے کی جوسعی کی ہے۔میرے نزدیک اس میں وہ پوری طرح کامیاب نظر آتے ہیں۔امید ہے کہ ادبی حلقوں میں عبدالمجید کی اس محققانہ کاوش کی پزیرائی ہوگی۔

ڈاکٹر اعجاز حسین شاہ

QASMI KUTUB KHANA
E-92, Abul Fazal Enclave, Okhla New Delhi
Talab Khatikan, Jama Masjid, Jammu Tawi - 180001
Ph. 9797352280 | 7889903800
E-Mail: qasmikutubkhana0729@gmail.com

₹ 395/-

ISBN 978-93-83030-87-3

Scanned with CamScanner

حرفِ چند

''معیاری تخلیق، تخلیق کار کی شناخت کا حوالہ ہوتی ہے''

سلام بن رزاق

ہم کیسے لکھیں ؟ــــ یہ صرف طلبا کا نہیں ، ان سب لوگوں کا مسئلہ ہے، جو لکھتے نہیں ۔اور جو لکھتے ہیں ان کے لیے لکھنا کوئی مسئلہ ہی نہیں ۔اگر آپ بھی لکھنا شروع کر دیں تو یہ آپ کے لیے کوئی مسئلہ نہیں رہے گا، لکھنا آپ کے لیے ویسا ہی روز مرہ یا روٹین کا عمل ہوگا، جیسے آپ روزانہ گھر سے نکل کر سکول یا کالج جاتے ہیں یا کپڑے بدلتے ہیں یا حسب ضرورت گفتگو کرتے ہیں۔ اگر آپ لکھنا جان جائیں ،اور آپ کے اندر یہ اعتماد پیدا ہو جائے کہ میں جو چاہوں ، جب چاہوں اور جس طرح چاہوں ، لکھ سکتا یا سکتی ہوں تو بس یہی مطلوب ہے۔نثر لکھنے کی صلاحیت ہر اس شخص کے اندر موجود ہوتی ہے، جو معمولی املا لکھ سکتا ہے اور یہ صلاحیت ہر تعلیم یافتہ (کم یا زیادہ) کے اندر موجود ہوتی ہے۔ یہ صلاحیت یقیناً عبد المجید کے اندر بھی موجود ہے۔

عبد المجید کا تعلق ریاست جموں و کشمیر کے سرحدی علاقہ پونچھ ضلع کی تحصیل مہنڈر سے ہے۔انہوں نے اپنی ابتدائی تعلیم سائنس اور ریاضی میں مہنڈر سے ہی حاصل کی۔ مہنڈر میں رہ کر ہی بی ۔اے کی ڈگری گورنمنٹ ڈگری کالج مہنڈر سے حاصل کرنے

Scanned with CamScanner